DAILY EXPRESS, KARACHI - SATURDAY, APRIL 1, 2017

THE LINDE GROUP

Linde

# اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ **Linde Pakistan Limited** کا اڑسٹھواں (۶۸ واں) سالانہ اجلاسِ عام بتاریخ ۲۶ر اپریل ۲۰۱۷ء بروز بدھ، بوقت نو بجے صبح، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس بمقام ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ کراچی پر منعقد ہوگا، جس میں درجِ ذیل کارروائی عمل میں لائی جائیگی:

۱۔ ۳۱ر دسمبر ۲۰۱۶ء کو کمپنی کے ختم ہونے والے سال کی فرد حسابات اور اُس پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی اور اُن پر غور۔

۲۔ کمپنی کے ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق ۳۱ر دسمبر ۲۰۱۶ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لئے ۱۰ روپے کے ہر عام حصص پر تین روپے پچاس پیسے کے حتمی منافع کی ادائیگی پر غور اور اگر مناسب سمجھا گیا تو اُس کی منظوری دینا، جو اُن حصص یافتگان کو ادا کیے جائیں گے جن کے نام ۱۲ر اپریل ۲۰۱۷ء کو کاروباری اوقات کے خاتمے تک حصص یافتگان کے رجسٹر میں درج ہوں گے۔

۳۔ کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور اُن کے معاوضے کا تعین۔

بحکم بورڈ

مظہر اقبال

کمپنی سیکریٹری

کراچی : ۲۷ر فروری ۲۰۱۷ء

**نوٹس:**

۱۔ کمپنی ممبران کیلئے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے پارکنگ ایریا، بمقام احاطہ پاکستان ریلوے، نزد ٹاور سے ٹرانسپورٹ کی سہولت میسر ہوگی جو ۲۶ر اپریل ۲۰۱۷ء کو ٹھیک سوا آٹھ بجے صبح روانہ ہوگی۔

۲۔ کمپنی کے حصص کی منتقلی کا رجسٹر ۱۳ر اپریل تا ۲۶ر اپریل ۲۰۱۷ء (بشمول دونوں دن) بند رہے گا۔

۳۔ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت، بولنے اور ووٹ کا استحقاق رکھنے والے کسی بھی ممبر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ میٹنگ میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کیلئے اپنی جگہ کسی کو عیوضی مقرر کردے۔ جسے میٹنگ میں بولنے اور ووٹ دینے کے وہی اختیارات حاصل ہونگے جو ایک ممبر کو حاصل ہیں۔ عیوضی کے مؤثر ہونے کیلئے اطلاع نامہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جلسہ شروع ہونے سے کم از کم ۴۸ گھنٹے پہلے موصول ہونا چاہیے۔ عیوضی کو لازمی طور پر کمپنی کا ممبر ہونا چاہیے۔ ماسوائے اس صورتحال کے کہ کوئی کارپوریشن کمپنی کی ممبر ہو اور وہ اپنے کسی افسر یا کسی اور فرد کو عیوضی مقرر کردے چاہے وہ کمپنی کا ممبر نہ ہو۔

۴۔ ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتہ یا بینک مینڈیٹ میں ہونیوالی کسی تبدیلی سے فوری طور پر کمپنی کے شیئرز رجسٹرار، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، شیئرز رجسٹرار ڈپارٹمنٹ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، مین شاہراہ فیصل، کراچی ۷۴۴۰۰ کو مطلع کریں۔

۵۔ مزید برآں سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1، بتاریخ 26ر جنوری 2000 میں درج رہنما ہدایات کی پیروی کرنا ہوگی۔ ان رہنما ہدایات کو حصص یافتگان کو بھیجے جانے والے نوٹس میں شامل کردیا گیا ہے۔

## کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل کی حوالگی (لازمی)

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی ہدایت کے مطابق حصص یافتگان کے CNIC نمبر ڈیویڈنڈ وارنٹس پر درج ہونا لازمی ہیں۔ اس لئے حصص یافتگان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے CNIC کی نقل (اگر پہلے جمع نہیں کرائی) کمپنی کے شیئرز رجسٹرار، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، شیئرز رجسٹرار ڈپارٹمنٹ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰ کو ارسال کریں۔ مؤثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل موصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی ایسے حصص یافتگان کو ڈیویڈنڈ وارنٹس کی ترسیل روکنے پر مجبور ہوگی۔

## ڈیویڈنڈ مینڈیٹ (اختیاری)

SECP کے 2012 کے سرکلر نمبر 18 کے مطابق شیئر ہولڈر اگر چاہے تو کمپنی کو اس کے بینک اکاؤنٹ کے ذریعے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کی ہدایت دے سکتا ہے۔ اسلئے حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ اس بابت ایک تحریری درخواست ہمارے شیئرز رجسٹرار کو دیں جس میں انکی تمام مطلوبہ تفصیلات بشمول نام، فولیو نمبر، ٹائٹل آف اکاؤنٹ، بینک اکاؤنٹ نمبر اور بینک کا نام اور مکمل ڈاک کا پتہ موجود ہو۔ برائے مہربانی نوٹ کرلیں کہ یہ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ مرضی پر منحصر ہے۔

## منافع منقسمہ کی ادائیگی الیکٹرانک طریقے سے (اختیاری)

SECP کے سرکلر نمبر SM/CDC 2008 (4)8 بتاریخ 5ر اپریل 2013 کے مطابق کمپنی، حصص یافتگان کو مطلع کرنا چاہتی ہے کہ قانوناً وہ نقد منافع منقسمہ بذریعہ ڈیویڈنڈ وارنٹس وصول کرنے کے بجائے براہ راست اپنے بینک کھاتوں میں وصول کرنے کے بھی مجاز ہیں۔ اسلئے حصص یافتگان اگر یہ طریقہ اختیار کرنا چاہیں تو اس بابت ایک تحریری درخواست جس میں ان کی تمام مذکورہ بالا بینک مینڈیٹ میں بیان کردہ مطلوبہ تفصیلات موجود ہوں، کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو ارسال کریں۔

## ای میل اور CD/DVD/USB کے ذریعے آڈٹ شدہ سالانہ فنانشل اسٹیٹمنٹس کی ترسیل:

نوٹیفکیشن ایس آر او نمبر 470(1)2016، بتاریخ 31 مئی 2016 کے تحت SECP نے کمپنیز کو ممبران کے رجسٹرڈ پتہ پر سالانہ بیلنس شیٹ اور نفع و نقصان کی تفصیلات، آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ وغیرہ (آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس) (Annual Report) کے ہمراہ سالانہ اجلاسِ عام (AGM) کے نوٹس کی ترسیل (ای میل کے علاوہ) بذریعہ CD/DVD/USB بھیجنے کی بھی اجازت دے دی ہے۔

لہٰذا نوٹیفکیشن ایس آر او نمبر 470(1)2016 کے مطابق تمام ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے وہ تمام ممبران جو آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس (Annual Report) اور AGM نوٹس دستاویزی شکل میں حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں، وہ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو اس سلسلے میں اسٹینڈرڈ درخواست فارم بھیج سکتے ہیں۔ اسٹینڈرڈ درخواست فارم کمپنی کی ویب سائٹ: **www.linde.pk** پر بھی دستیاب ہے۔ اگر ممبر مستقبل میں آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس (Annual Reports) اور AGM نوٹس دستاویزی شکل میں وصول کرنے کا خواہشمند ہے تو اسے اسٹینڈرڈ درخواست فارم میں اس کی نشاندہی کرنا ہوگی۔

Page 1/2

## انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی (لازمی)

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے مطابق کمپنی کی طرف سے ادا کی جانے والی ڈیویڈنڈ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے لئے مختلف شرحیں تجویز کی گئی ہیں۔ یہ شرحیں مندرجہ ذیل ہیں:

(الف) انکم ٹیکس ریٹرنز فائل کرنے والوں کیلئے 12.5 فیصد

(ب) انکم ٹیکس ریٹرنز فائل نہ کرنے والوں کیلئے 20.0 فیصد

کمپنی کو کیش ڈیویڈنڈ پر 20.0 فیصد کے بجائے 12.5 فیصد ٹیکس کی کٹوتی کا مجاز بنانے کیلئے تمام حصص یافتگان جن کے نام FBR کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں موجود نہیں باوجود فائلر ہونے کے، ان کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ وہ ۱۲ اپریل ۲۰۱۷ء تک کاروباری اوقات کے اختتام سے قبل ATL میں اپنے نام کا اندراج یقینی بنائیں۔ بصورت دیگر ان کے کیش ڈیویڈنڈ پر ٹیکس کی کٹوتی 12.5% کے بجائے 20.0% کے حساب سے کی جائیگی۔ مزید سوالات / مسائل / معلومات کیلئے سرمایہ کار کمپنی اور / یا شیئرز رجسٹرار سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

مزید یہ کہ فیڈرل بورڈ آف ریوینیو (ایف بی آر) سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین پرنسپل ہولڈر کے فائلر / نان فائلر ہونے کی بنیاد پر الگ الگ اور مشترکہ اکاؤنٹ ہونے کی صورت میں جوائنٹ کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں تمام شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز مشترکہ ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کے مطابق پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کی تفصیلات تحریری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ۱۲ اپریل ۲۰۱۷ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک درج ذیل انداز میں بھیج دیں:

| Folio/CDS Account # | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Name and CNIC # | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC # | Shareholding Proportion (No. of Shares) |
| | | | | | |

سی ڈی سی اکاؤنٹس رکھنے والے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) اپنے متعلقہ Participants کے ساتھ اپ ڈیٹ کرلیں جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز این ٹی این سرٹیفکیٹس کی کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کردیں۔ حصص یافتگان این ٹی این یا این ٹی این سرٹیفکیٹ بھیجتے ہوئے کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبرز لازمی درج کریں۔

**ویڈیو کانفرنس کی سہولت کی اجازت:**

درج ذیل شرائط کے تحت اس سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کیلئے ممبران کراچی میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر کمپنی کو اجلاسِ عام میں بذریعہ ویڈیو کانفرنس شرکت کیلئے قرب و جوار کے رہائشی ایسے ممبران کی رضامندی موصول ہوتی ہے جو مجموعی طور پر 10 فیصد یا اس سے زیادہ حصص کے مالک ہیں تو کمپنی اس شہر میں سہولت کی دستیابی سے مشروط ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کردے گی۔

کمپنی ممبرز کو اجلاسِ عام کی تاریخ سے کم از کم 5 روز قبل ویڈیو کانفرنس کے مقام سے مطلع کرے گی اور اس سہولت تک رسائی حاصل کرنے کیلئے تمام معلومات فراہم کرے گی۔

اس سلسلے میں کراچی میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنے کے خواہشمند ممبران درج ذیل طریقہ کار کے مطابق باضابطہ طور پر دستخط کیا گیا رضامندی پر مشتمل دستاویز اجلاسِ عام کی تاریخ سے 10 دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر بھیج دیں۔

میں/ہم ____________ کا/کے ____________ بطور ممبر Linde Pakistan Limited
رجسٹرڈ فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر ____________ کے مطابق ____________ عام حصص رکھنے والا/والے
بذریعہ ہذا کراچی میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتا ہوں/کرتے ہیں۔

manhattan

Page 2/2